© rasailojaraid.com

## خطوط و نکات

# ''انوار القرآن بہت جامع، علمی اور تحقیقی مقالہ ہے''

محترم ومکرم حافظ عاکف سعید صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے آپ کے مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔

جنوری رفروری کا حکمت قرآن موصول ہوا' جو ایک مقالہ ''انوار القرآن'' از مولوی انیس احمد بی اے مرحوم پر مشتمل ہے۔ یہ مقالہ اپنے موضوع کے اعتبار سے بہت جامع' علمی اور تحقیقی کاوش ہے۔ مصنف مرحوم نے جس پیرائے میں قرآن مجید کے مختلف موضوعات اور مسلمانوں کی معاشی' اقتصادی اور سیاسی حالت پر روشنی ڈالی ہے وہ قابل دید اور لائق ستائش ہے۔

علاوہ ازیں محترم ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ تعالیٰ کے پیش لفظ اور شاہد احمد مرحوم کی تحریر نے اس مقالہ کو اور زیادہ دلچسپ بنا دیا ہے۔

جناب شاہد احمد نے دو اور کتابوں تعلیم القرآن اور کلید القرآن کا بھی ذکر کیا ہے۔ اگر آپ یہ دونوں مقالے اسی طرح حکمت قرآن میں شائع کر دیں تو یہ ایک بہت بڑی علمی خدمت ہو گی۔ امید ہے آپ اس طرف خصوصی توجہ فرمائیں گے۔

مخلص

عبد الرشید عراقی

سوہدرہ' ضلع گوجرانوالہ

© rasailojaraid.com